بسم الله الرحمن الرحیم

نظــرات

ہمارے ملک میں قوانین اسلامی کے نفاذ کا عمل مختلف مراحل سے گذر رہا ہے ۔ ہماری یہ کوشش رہی ہے کہ نفاذ شریعت کے ضمن میں اس کے نظریاتی اور عملی پہلوؤں پر مشتمل مقالات اہل علم کی نذر کریں ، چنانچہ ہماری اس اشاعت میں شامل ڈاکٹر احمد حسن صاحب کا تحقیقی مقالہ ,, اجتہاد کا ایک اہم اسلوب ۔ قیاس اور اس کی حجیت،، اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے ، اس میں ڈاکٹر صاحب موصوف نے قیاس کی حجیت کا اثبات قرآن مجید ، سنت، اجماع، آثار و تعامل صحابہ اور عقلی دلائل سے کیا ہے ۔ امام شافعی پہلی شخصیت ہیں جنھوں نے اصول فقہ پر عموماً اور قیاس پر خصوصاً مرتب و منضبط انداز میں قلم اٹھا کر اس فن کو مدون کر دیا ۔

برصغیر کی مشہور و معروف دینی درسگاہ مدرسة الاصلاح (سرائے میر ، اعظم گڑھ) کے سابق استاذ ایک عرصہ سے اپنے آبائی گاؤں بھمئور (ضلع اعظم گڑھ) میں گوشہ نشین ہیں ۔ وہ پہلی دفعہ مجلس فکرونظر میں مطالعہ سیرت پر اپنے مقالہ کے ساتھ شامل ہو رہے ہیں ۔ انبیاء علیہم السلام کے درمیان فرق مراتب کے موضوع کو انھوں نے ایک نئے زاویے سے دیکھنے کی سعی کی ہے ۔ قرآن مجید اور دیگر آسمانی صحائف کی روشنی میں آپ نے یہ واضح کرنے کی کوشش کی ہے کہ جملہ انبیاء کرام کی حیثیت ایک ہی مقدس سلسلہ کی باہم مربوط کڑیوں کی سی تھی اور سب کا پیغام بلاتفریق اسلام ہی تھا۔ ان کے پیش کردہ بعض نکات سے اختلاف بھی ہو سکتا ہے جسکی گنجائش کسی بھی فکری مسئلہ پر محققانہ اظہار خیال میں ہمیشہ باقی رہتی ہے ۔

مالدیپ قریباً سو فیصد مسلم آبادی پر مشتمل مجمع الجزائر ہے جسے ۲۶

© Dr Muhammad Hamidullah Library, IIU, Islamabad. http://iri.iiu.edu.pk/

جولائی ۱۹٦۵ ء میں آزادی سے همکنار هونے کے بعد اقوام عالم کی صف میں شامل هونے کا شرف حاصل هوا ۔ ۰۰۰ ، ٦۳ ، ۱ نفوس پر مشتمل یه چھوٹا سا ملک کئی لحاظ سے هماری دلچسپی کا مستحق هے ۔ اس شماره میں مالدیپ کے تاریخی پس منظر کے ساتھ اس پر اسلامی تہذیب و تمدن کے اثرات پر مشتمل قاری محمد یونس صاحب کا مقاله شامل اشاعت هے ۔ قاری صاحب ۱۹۷۸ ء سے ۱۹۸۱ ء تک مالدیپ میں تدریس قرآن کی خدمت سر انجام دیتے رهے هیں اور اس قیام کے دوران انهیں اس برادر ملک کی تاریخ و تہذیب کا بنظر غائر مطالعه کرنے کا موقعه ملا هے ۔ اسی موضوع پر وہ ایک گراں قدر مقاله پی ایچ ڈی کی ڈگری کیلئے پنجاب یونیورسٹی کے شعبه علوم اسلامیه کو پیش کرنے والے هیں ۔ امید هے ان کی یه تحریر قارئین کے لئے مفید معلومات کا سرچشمه ثابت هو گی اور همارے مالدیپی بھائیوں کے ساتھ همارا رشته محکم تر کرنے کے ساتھ مزید معلومات کے حصول کیلئے مہمیز کا کام دے گی ۔

اداره